ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-9921263

# پریس ریلیز

کراچی 17 فروری 2020ء:۔

کوئٹہ بلاسٹ کے تناظر میں آئی جی سندھ نے پولیس کو ہائی الرٹ رہنے کے احکامات جاری کردیئے۔

پولیس سیکیورٹی اقدامات مزید سخت اور غیر معمولی بنائے جائیں۔

تمام پبلک مقامات،اہم سرکاری،نیم سرکاری عمارتوں،دفاتر،ریلوے اسٹیشنز،بس ٹرمینلز،ایئر پورٹس،حساس تنصیبات سمیت مساجد،امام بارگاہوں وغیرہ پر جملہ سیکیورٹی اقدامات کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔ڈاکٹر سید کلیم امام

مختلف منتخب کردہ مقامات سمیت صوبے کے مضافات اور گنجان آباد علاقوں میں انٹیلی جینس اور کڑی نگرانی نظام کو مزید ٹھوس بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

تمام ایس ایچ اوز کو علاقہ گشت،اسنیپ چیکنگ،پکٹنگ اور ویجیلنس کے عمل کو اپنی نگرانی میں انجام دینے کے احکامات۔

سیکیورٹی حکمت عملی اور لائحہ عمل کو ہر سطح پر مکمل بریفنگ کے ساتھ نافذ العمل بنایا جائے۔آئی جی سندھ

سیکیورٹی اقدامات میں حفاظت خود اختیاری جیسے اقدامات لازمی یقینی بنائیں جائیں۔آئی جی سندھ

کسی بھی حوالے سے اختیارات سے تجاوز،غفلت اور لاپروائی ناقابل برداشت ہوگی۔آئی جی سندھ

نائٹ پیٹرولنگ پلان اور بالخصوص رات گئے علاقوں میں پولیس سیکیورٹی امور کو انتہائی غیر معمولی بنایا جائے۔آئی جی سندھ

۔۔۔۔۔۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔ 021-9921263

# پریس ریلیز

کراچی17فروری2020ء:۔

طارق روڈ پر دو گروپس کے مابین جھگڑا اور فائرنگ سے دو افراد زخمی۔میڈیا رپورٹس پر آئی جی سندھ نے ایس ایس پی ایسٹ سے تفصیلات طلب کرلیں۔فائرنگ میں ملوث عناصر کے خلاف تمام تر ضروری قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے۔ ڈاکٹر سید کلیم امام

۔،۔،۔،۔،۔،۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس
فون:۔ 021-9921263

# 42ویں اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے شرکاء کی سینٹرل پولیس آفس کراچی آمد۔

کراچی 17فروری 2020ء:۔

مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے اسپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کے 42ویں بیچ پر مشتمل 45 رُکنی وفد نے ڈائریکٹر پاکستان ایڈمنسٹریشن سروس (PAS)لاہور عاصم اقبال کی سربراہی میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام سے ملاقات کی۔سینٹرل پولیس آفس کراچی آمد پر آئی جی سندھ سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے مہمانوں کا خوش آمدید استقبال کیا۔اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ نے محکمہ پولیس سندھ کے جملہ امور واقدامات پر خصوصی حوالوں سے بریفنگ دی اور امن وامان کے قیام اور جرائم کیخلاف پولیس ترجیحات سے شرکاء کو آگاہی دی۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ بہترین اور کامیاب پیشہ وارانہ زندگی کا دارومدار آپکی محنت لگن اور جستجو پر ہے۔سیکھنےاور سکھانے کا عمل زندگی کا حصہ ہے۔لوگوں کے مسائل اور مشکلات کا ازالہ ناصرف آپکا مشن ہونا چاہیئے بلکہ انسانیت کی خدمت کو بھی اپنا مقصد بنائیں۔

بعدازاں آئی جی سندھ اور ڈائریکٹر پی اے ایس لاہور کے درمیان یادگاری شیلڈز کا تبادلہ ہوا۔دریں اثناء تربیتی پروگرام کے شرکاء کو بھی سندھ پولیس کیجانب سے یادگاری تحائف دیئے گئے۔

۔،۔،۔،۔،۔